رابطہ کریں اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لئے
Mfd. by The Makers of Dehlvi Remedies® the formidable brand of دھلوی
Sana Herbals (P) Ltd
238 F.I.E. Patparganj, Delhi-92 (C. Care:95550 94254)
www.sanaherbals.com | www.dehlviremedies.com | sanaherbals.gmail.com | info@sanaherbals.com
25 TRUST AND PURITY

www.roznamasahara.com @RoznamaRSahara @RoznamaRSahara
نئی دہلی • ممبئی • کولکاتا • لکھنؤ • گورکھپور • کانپور • پٹنہ • حیدرآباد • اورنگ آباد • بنگلور سے ایک ساتھ
روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA HYDERABAD
ہندوستان کا نمبر ایک قومی اردو اخبار
New Delhi • Mumbai • Kolkata
Lucknow • Gorakhpur • Kanpur
Patna • Hyderabad • Bengaluru
HYDERABAD: Friday, 21 June,2024 Pages: 08 ₹5 Vol:18 Issue : 258 ○ ایثار ○ فرض شناسی ○ حب الوطنی | یعنی مکمل سچ | حیدرآباد، جمعہ، 21/جون 2024، مطابق، 14/ذی الحجہ 1445ھ

طلبہ کے مفادات، حکومت کی اولین ترجیح

نیٹ دھاندلیوں پر اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل۔ مرکزی وزیر تعلیم پردھان کا بیان

نئی دہلی، 20/جون۔ (ایجنسیز) نیٹ میں بے قاعدگیوں اور یو جی سی۔ نیٹ امتحان کی منسوخی پر شدید تنقیدوں کے درمیان مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ اعلیٰ سطح کی ایک کمیٹی تشکیل دی جا چکی اور طلبہ کے مفادات حکومت کی اولین ترجیح ہیں۔ 30 لاکھ سے زائد امیدواروں نے دونوں امتحانات میں شرکت کی تھی جس کا انعقاد نیشنل ٹسٹنگ ایجنسی نے کیا تھا اور وزیر نے یہ تبصرہ ایک ایسے وقت کیا ہے جب ملک کے مختلف حصوں بشمول دہلی میں پردھان کی قیام گاہ کے باہر طلبہ نے احتجاج کیا ہے۔ بعض احتجاجی طلبہ کو حراست میں بھی لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں ہر ایک کو یقین دلانا چاہتا ہوں کہ حکومت طلبہ کے مفادات کو یقینی بنانے کی پابند ہے۔ ہم کوئی مفاہمت نہیں کریں گے۔ جہاں تک نیٹ امتحان کا تعلق ہے ہم حکومت بہار کیساتھ رابطہ میں ہیں اور پٹنہ پولیس نے ہمیں تفصیلی رپورٹ روانہ کی ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق غلطیاں بعض علاقوں تک محدود ہیں۔ پردھان نے کہا کہ اگر کوئی بھی این ٹی اے عہدہ دار قصوروار پایا گیا تو اس کیخلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ہم غلطی سے پاک امتحانات کے انعقاد کے پابند ہیں اور این ٹی اے کی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دی جا رہی ہے۔ مرکزی وزیر نے طلبہ اور اپوزیشن جماعتوں کے احتجاج کے پس منظر میں کہا کہ نیٹ مسئلے کو سیاسی رنگ نہیں دینا چاہئے۔



نیٹ پرچہ سوالات 32 لاکھ میں فروخت!

فی طلبہ سے اصل رقم کے بجائے 40 لاکھ طلب کئے گئے

اصل سازشی سمیت تمام ملزمین کا پولیس کو اقبالی بیان

نئی دہلی، پٹنہ، 20/جون۔ (ایجنسیز) قومی اہلیتی کا داخلہ امتحان نیٹ (NEET) 2024 کے پرچہ سوالات کے افشاء کے معاملہ میں آج ایک نیا موڑ آیا۔ ملزمین نے پولیس کے روبرو یہ اقرار کرلیا کہ امتحان سے صرف ایک دن پہلے بعض امیدواروں کے لئے پرچہ سوالات کا انتظام کیا گیا تھا جنہوں نے 30 لاکھ روپے ادا کئے تھے۔ بہار پولیس کی جانب سے گرفتار کئے گئے چار ملزمین نے یہ انکشاف کیا ہے۔ ان میں انوراگ یادو نامی ایک نیٹ امیدوار بھی شامل ہے جس کے چچا سکندر یادو نے دوا نا پور میونسپل کونسل میں جونیئر انجینئر ہیں۔ پرچہ سوالات کے افشاء کے اصل سازشی نتیش کمار اور امیت آنند کو بھی گرفتار کرلیا گیا ہے۔ انہوں نے پولیس کے سامنے اقبال جرم کیا کہ نیٹ جو 5 مئی کو منعقد کیا گیا تھا' اس سے ایک دن پہلے انہیں پرچہ سوالات فراہم کئے گئے تھے۔ انوراگ یادو نے پولیس کے سامنے اعتراف کیا کہ اس کے چچا سکندر یادو نے اس کے لئے نیٹ کے پرچہ سوالات کا پیشگی انتظام کیا تھا۔ اس نے بتایا کہ میں' کوٹہ (راجستھان) کے ایلن انسٹی ٹیوٹ میں نیٹ کی تیاری کررہا تھا۔ میرے چچا سکندر یادو نے مجھے پٹنہ بلایا اور مجھے امیت آنند اور نتیش کمار کے پاس لے گئے جہاں مجھے امتحان کیلئے کچھ سوالات و Keys Answer دی گئیں۔ مجھ سے کہا گیا کہ ان تمام جواب از برکرلوں۔ دوسرے دن جب میں امتحان کیلئے پہنچا تو میں نے دیکھا کہ یہ وہی سوالات ہیں جو مجھے 4 مئی کو دیئے گئے تھے۔ بہرحال ٹسٹ کے بعد پولیس نے مجھے گرفتار کرلیا۔ سکندر یادو نے دعویٰ کیا کہ امیت آنند اور نتیش کمار نے انہیں ٹسٹ سے پہلے پرچہ سوالات کے افشاء کے بارے میں بتایا تھا۔ امیت اور نتیش نے مجھے بتایا کہ نیٹ کے پرچہ سوالات کو لیک کردیا جائیگا اور اس کیلئے 30 تا 32 لاکھ روپے ادا کرنے ہوں گے۔ میں نے حامی بھرلی اور انہیں بتایا کہ 4 طلبہ ہیں جن میں آیوش کمار، انوراگ یادو، شیوانند کمار اور ابھینک کمار شامل ہیں۔ 4 مئی کو ان چاروں طلبہ کو لے کر اس مقام پر پہنچا جہاں امیدوار تمام سوالات کے جوابات حاصل کرنی پہلے سے جمع تھے۔ بیدیو نندہ نے کہا کہ میں نے لالچ کے مارے ہر طالب علم سے اصل رقم کے بجائے 40 لاکھ روپے طلب کئے۔ بہرحال بہار اداروں پولیس نے مجھے نتیش کمار اور امیت آنند نے پولیس کو دیئے گئے اپنے بیان میں پرچہ سوالات کے افشاء میں اپنے رول کا اعتراف کرلیا اور بتایا کہ بیدیو نندہ کیساتھ سازباز کی وجہ سے ان کی گرفتاری عمل میں آئی ہے۔ بیدیو نندہ نے اپنی گرفتاری کے بعد پولیس کو ہمارے بارے میں بتادیا۔ پولیس نے اس مقام پر بھی دھاوا کیا جہاں طلبہ کو افشاء کئے گئے پرچے دیئے گئے تھے۔ وہاں سے پرچہ سوالات کے جلے ہوئے باقی ٹکڑے دستیاب ہوئے ہیں۔ تقریباً 24 لاکھ امیدوار 5 مئی کو نیٹ امتحان میں شریک ہوئے تاکہ میڈیکل کالجس میں داخلے حاصل کرسکیں۔

چیف منسٹر اروند کیجریوال کو ضمانت

نئی دہلی، 20/جون۔ (ایجنسیز) دہلی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کو شراب پالیسی کیس میں ضمانت مل گئی ہے۔ کیجریوال کے وکیل نے عدالت میں دلیل دی کہ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) کے پاس ان کے خلاف کوئی ثبوت نہیں ہے۔ عام آدمی پارٹی (اے اے پی) کے سربراہ اروند کیجریوال امکان ہے کہ کل تہاڑ جیل سے باہر آجائیں کیونکہ ضمانت کا حکم رات 8 بجے جاری ہوا تاہم جیل کی کارروائی شام صرف 5 بجے تک ہی ہوئی ہے۔ ان کے وکیل نے دہلی کی عدالت کو بتایا کہ عام آدمی پارٹی (اے اے پی) کے سربراہ کے خلاف ای ڈی کا پورا کیس صرف ان لوگوں کے بیانات پر منحصر ہے جو اس کیس میں وعدہ معاف گواہ بن گئے ہیں۔ عدالت نے ای ڈی کی درخواست کو مسترد کرکے کہا کہ ضمانتی بانڈ پر دستخط کرنے کے لیے اسے کم از کم 48 گھنٹے کا وقت دیا جائے تاکہ مرکزی ایجنسی اسے متعلقہ عدالت میں چیلنج کر سکے۔ عدالت نے کہا کہ کیجریوال کے خلاف بیانات ایسے لوگوں کے ہیں جنہوں نے قصوروار ہونے کا اعتراف کیا ہے۔ وہ کوئی سادھو یا سنت نہیں ہیں۔ عدالت نے مزید کہا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو ندرت دفاندار ہیں بلکہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جن کو گرفتار کیا گیا تھا ان میں سے کچھ کو ضمانت اور معافی کا وعدہ دیا گیا تھا تاکہ دیگر لوگوں کو پھنسایا جاسکے۔ کیجریوال کے وکیل نے بتایا کہ عدالت نے اپنا حکم محفوظ کردیا تھا۔ تاہم رات 8 بجے کے قریب یہ حکم سنایا گیا۔

اسرائیلی فورسز کے حملے جاری۔ مزید 11 فلسطینی شہید

غزہ، 20/جون۔ (ایجنسیز) حملے میں 11 فلسطینی شہید اور 30 زخمی ہوئے۔ زخیوں کو خان یونس شہر کے یورپی اسپتال منتقل کردیا گیا۔ اسرائیلی فوج نے نصیرات پناہ گزین کیمپ کو بھی نشانہ بنایا ہے۔ ایک مکان پر گرے والے بموں کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 12 زخمی ہوگئے ہیں۔ 7 اکتوبر سے اب تک اسرائیلی فوج کے حملوں میں 37 ہزار 396 فلسطینی ہلاک ہوچکے ہیں۔ مرنے والوں میں 15 ہزار بچے ہیں۔ ملبے تلے 10 ہزار سے زائد افراد لاپتہ ہیں۔ غزہ کی پٹی میں صحت کا بحران سنگین تر ہوتا جا رہا ہے جہاں اسرائیل قتل عام کر رہا ہے۔ اعلان کیا گیا ہے کہ اسرائیل نے غزہ پر اپنے حملوں میں اب تک 498 ڈاکٹروں اور صحت کی دیکھ بھال کرنے والے کارکنوں کو ہلاک کیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ 308 بیلچہ کیئر ورکرز کو خراب حالات میں حراست میں لیا گیا ہے۔

جنگ رکوانے والے پیپر لیک نہیں روک سکے!

مودی پر راہول گاندھی کا طنز۔ حکومت، افشاء اور فراڈ کے بغیر امتحان منعقد نہیں کرسکتی: کھرگے

نئی دہلی، 20/جون۔ (ایجنسیز) یو جی سی۔ نیٹ امتحان کی منسوخی کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی کو نشانہ تنقید بناتے ہوئے راہول گاندھی نے کہا کہ وہ ہر سال ایک' شاندار تماشہ' کرتے ہیں جسے پرکھشا یا چرچہ کہتے ہیں۔ اس کے باوجود ان کی حکومت پرچہ سوالات کے افشاء اور فراڈ کے بغیر امتحان منعقد نہیں کرسکتی۔ اپوزیشن جماعت نے وزیر اعظم سے کہا کہ کیا وہ ''نیپ کے اسپیک'' (پرچہ سوالات کے افشاء پر اظہار خیال) کریں گے۔ وزیر اعظم مودی امتحانات کے بعد نفسیاتی اعتبار سے ختم ہوچکے ہیں اور اس طرح حکومت چلانے میں انھیں جدوجہد کرنا پڑ چکا۔ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے یہ بھی کہا کہ پیپر لیک کی اصل وجہ یہ ہے کہ پی جے پی اور اس کی نظریاتی اساس آر ایس ایس نے تعلیمی اداروں پر قبضہ کرلیا ہے اور پیپر لیکس اس وقت تک ختم نہیں ہوں گے جب تک اس مخالف کو الٹا نہیں کیا جاتا۔ راہول گاندھی نے کہا کہ اپوزیشن نے حالیہ انتخابات میں مودی کے بنیادی نظریہ کو ڈھا دیا ہے اور اگر انل بھاری واجپائی یا منموہن سنگھ جیسے منکسر المزاج وزیر اعظم ہوتے تو حکومت کو احیاء ہوسکتا تھا۔ صدر کانگریس ملیکارجن کھرگے نے سوال کیا کہ آخر یہ کس قسم کی' پرکھشا یا چرچہ' ہے جہاں آئے دن پرچہ سوالات کا افشاء ہوتا رہتا ہے۔ کھرگے نے x پر اپنے ایک پوسٹ میں کہا کہ مودی حکومت نے ملک کے تعلیمی اور بھرتی کے نظام کو برباد کردیا ہے۔ نیٹ۔ یو جی سی' سی یو ایس ٹی (کامن یونیورسٹی انٹرنس ٹسٹ) میں پرچہ سوالات کے افشاء ' فراڈ اور بڑی بے قاعدگیاں اب بے نقاب ہوچکی ہیں۔ کھرگے نے کہا کہ نیشنل ریکروٹمنٹ ایجنسی جس کی بڑی تشہیر کی گئی تھی' مکمل طور پر ناکارہ ہوچکی ہے۔ اگست 2020ء میں مودی نے دھوم دھام کیساتھ این آر اے کا اعلان کیا تھا۔ انہوں نے کافی تشہیر کے بعد کہا تھا کہ این آر اے کروڑوں نوجوانوں کیلئے ایک تختہ ثابت ہوگی۔ مشترکہ انٹرنس امتحان کے ذریعہ یہ کئی امتحانات کو ختم کردے گی اور قیمتی وقت کے علاوہ وسائل کی بچت کریگی۔ اس کی وجہ سے شفافیت میں بھی اضافہ ہوگا۔ مودی نے دعویٰ کیا تھا کہ سرکاری ملازمتوں کیلئے این آر اے تمام ملازمتوں کیلئے واحد بھرتی امتحان منعقد کرے گی۔ چار سال گزر چکے ہیں نیشنل ریکروٹمنٹ ایجنسی نے ابھی تک ایک بھی امتحان منعقد نہیں کیا ہے۔ این آر اے کو تین سال تک 1517.57 کروڑ روپے کا فنڈ فراہم کیا گیا تھا لیکن دسمبر 2022 تک صرف 20 کروڑ روپے خرچ کئے گئے تھے۔ اپوزیشن نے جب بھی پارلیمنٹ میں جواب مانگا' مودی حکومت اسے ٹالتی رہی اور بہانے بناتی رہی۔ این آر اے کو بھرتی امتحانات کیلئے واحد ایجنسی بنانے کے بجائے نچلی سطح پر امیدواروں کی اسکریننگ کی ایجنسی بنادیا گیا۔ 10 لاکھ سرکاری ملازمتیں مخلوعہ ہیں۔ ان ملازمتوں پر تقرریاں نہ کرتے ہوئے مودی حکومت نے ایس سی' ایس ٹی' او بی سی' اور ای ڈبلیو ایس نوجوانوں سے ان کے تحفظات چھیننے کی منصوبہ بند سازش رچی ہے۔ این سی ای آر ٹی کی کتب میں سائنسی سوچ کو فروغ دینے کے بجائے اسے سیاسی رنگ دیا جارہا ہے۔

مودی کی انڈونیشیا کے صدر سے بات چیت

نئی دہلی، 20/جون۔ (ایجنسیز) وزیر اعظم نریندر مودی نے جمعرات کو انڈونیشیا کے منتخب صدر پرابووو سوبیانتو سے ٹیلی فون پر بات چیت کی۔ دونوں قائدین نے ہندوستان اور انڈونیشیا کے درمیان جامع اسٹراٹیجک شراکت کو مضبوط کرنے کی راہوں پر تبادلہ خیال کی۔ مودی نے ایکس پر یہ بات کہی۔

دنیا کے بلند ترین چناب پل پر ریل خدمات

نئی دہلی، 20/جون۔ (ایجنسیز) ہندوستانی ریلوے نے آج جموں و کشمیر کی وادی کشمیر کو باقی ہندوستان کے ساتھ ریل لنک کے ذریعے جوڑنے میں ایک اہم سنگ میل حاصل کیا اور سنگدان سے ریاسی تک تقریباً 46 کلومیٹر کے راستے پر سمیوزین کا پہلی بار کامیاب تجربہ کیا جس میں دنیا کا سب سے اونچا چناب ریلوے پل شامل ہے۔ جموں و کشمیر کو ایک متبادل اور قابل اعتماد نقل و حمل کا نظام فراہم کرنے کے مقصد کے تحت مرکزی حکومت کے ذریعہ زیر تعمیر 272 کلومیٹری ادھم پور۔ سری نگر۔ بارہمولہ ریل لنک پروجیکٹ (یو ایس بی آر ایل) کے تحت اڈھم پور سے بارہمولہ تک وادی کشمیر کو ہندوستانی ریلوے نیٹ ورک کے ساتھ جوڑنے والی ایک لمبی ریلوے لائن کا صرف 17 کلومیٹر کا حصہ باقی رہ گیا ہے۔

کولمبیا، اسرائیلی حملوں میں زخمی

غزہ کے 50 بچوں کا علاج کرے گا

گوٹا، 20/جون۔ (ایجنسیز) اسرائیلی حملوں میں زخمی ہونے والے غزہ کے 50 بچوں کا کولمبیا میں علاج کیا جائے گا۔ کولمبیا کے وزیر خارجہ لوئس گلبرٹو مورینو نے وزارت الحکومت یوگوٹا میں صحافیوں کے سامنے ایک بیان دیا۔ مریلو نے بیان کیا کہ وہ مصر سے اسرائیلی حملوں میں زخمی ہونے والے غزہ کے 50 بچوں کو لے کر آئیں گے اور کہا کہ ''ہم ان کی یہاں ان کے ساتھیوں کے ساتھ 6 ماہ تک میزبانی کرنا چاہتے ہیں، پھر انھیں مصر واپس بھیج دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ انہیں مصر اور اردن کے وزرائے خارجہ سے اس معاملے پر ضروری تعاون حاصل ہے، مریلو نے کہا، ''ہم مصنوعی ادویات اور دیگر آلات تیار کررہے ہیں جو ان کی بحالی میں معاون ثابت ہوں گے۔

ٹامناڈو میں شراب سانحہ، 34 افراد ہلاک

چینائی، 20/جون۔ (ایجنسیز) ٹامناڈو کے کلا کوریچی میں شراب سانحہ میں کم از کم 34 افراد فوت ہوگئے۔ تقریباً 100 دیگر کا علاج کیا جارہا ہے۔ ریاست کے شمالی ضلع میں اس سانحہ کے بعد اپوزیشن نے ڈی ایم کے حکومت کو نشانہ بنایا جب کہ حکمراں جماعت نے کہا ہے کہ ایسا نہیں سمجھا جانا چاہئے کہ ایسے واقعات صرف اس کے دور میں پیش آئے ہیں۔ چیف منسٹر نے یقین دلایا کہ ذمہ داروں کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی۔

مختصر خبریں

نیٹ یو جی دوبارہ امتحان کا ایڈمٹ کارڈ جاری

نئی دہلی، 20/جون۔ (ایجنسیز) نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی (این ٹی اے) نے نیٹ یو جی دوبارہ امتحان کا ایڈمٹ کارڈ جاری کیا ہے۔ 23 جون کو 1563 امیدواروں کیلئے دوبارہ امتحان لیا جائے گا، جنہوں نے نیٹ کے نتیجے میں گریس نمبر حاصل کیے۔ اس امتحان کا نتیجہ 30 جون تک جاری کیا جائے گا۔ کونسلنگ کا عمل 6 جولائی سے شروع ہوگا۔

شیخ حسینہ کی آج سرکاری دورے پر آمد

نئی دہلی، 20/جون۔ (ایجنسیز) بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ جمعہ سے ہندوستان کا دو روزہ سرکاری دورہ کریں گی۔ اس کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان قریبی تعلقات کو مزید وسعت دینا ہے۔ ہندوستان میں نئی حکومت کی تشکیل کے بعد کسی بیرونی لیڈر کا یہ پہلا باہمی دورہ ہوگا۔ شیخ حسینہ نے 9 جون کو وزیر اعظم مودی کی حلف برداری تقریب میں شرکت کی تھی۔ مودی اور حسینہ ہفتہ کو باہمی بات چیت کریں گے۔

جے شنکر سری لنکا کے سرکاری دورہ پر کولمبو پہنچے

کولمبو، نئی دہلی، 20/جون۔ (ایجنسیز) وزیر خارجہ ایس جے شنکر سری لنکا کے ایک روزہ سرکاری دورے پر جمعرات کو کولمبو پہنچے۔ ڈاکٹر جے شنکر اپنے دورے کے دوران سری لنکا کی قیادت کے ساتھ شراکت داری کے وسیع امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔ وزیر خارجہ نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں کہا' ''نئی مدت کار میں اپنے پہلے دورے پر کولمبو پہنچا ہوں۔ پرتپاک استقبال کے لیے وزیر مملکت تھرکا ماسوریا اور مشرقی صوبے کے گورنر ایس تھوذامن کا شکریہ۔ قیادت کے ساتھ میٹنگوں کا منتظر ہوں۔ سری لنکا ہماری پڑوسی پہلے اور ویژن پالیسیوں میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ اس سے قبل ڈاکٹر جے شنکر کی یہاں آمد پر مسٹر بالسوریا اور مسز تھذامن نے ان کا استقبال کیا۔ وہ صدر رانیل وکرما سنگھے اور وزیر اعظم دنیش گوناورڈنے سے خیرسگالی ملاقات کریں گے۔ وہ اور ان کے ہمراہ وفد وزیر خارجہ علی صابری سے بھی میٹنگ کریں گے۔ وزیر اعظم مودی کی قیادت میں نئی حکومت کے قیام کے بعد وزیر خارجہ کا یہ پہلا دو طرفہ دورہ ہے۔

دو جہاز حادثوں میں ہلاک افراد کے لواحقین کا اربوں ڈالر معاوضے کا مطالبہ

واشنگٹن، 20/جون۔ (ایجنسیز) بوئنگ 737 میکس کے 2 مسافر جہازوں کے حادثے میں ہلاک ہونے والے افراد کے لواحقین نے جہاز بنانے والی کمپنی سے 25 ارب ڈالر معاوضے کا مطالبہ کردیا۔ لواحقین نے وکیل پاکل کیسل نے کہا کہ لواحقین کی جانب سے مانگی گئی رقم بالکل مناسب ہے، امریکی حکومت جہاز بنانے والی کمپنی کے سربراہان کے خلاف تحقیقات کرے جو حادثے کے وقت کمپنی کے امور کے ذمہ دار تھے۔ دوسری جانب بوئنگ کمپنی کے سی او ڈیوڈ کولھون نے امریکی کانگریس (سینیٹ) میں پیش ہوکر جہاز حادثوں پر معافی مانگتے ہوئے کہا کہ کہ ہماری کمپنی سے غلطیاں ہوئی ہیں اور ہم نے ان سے سیکھا ہے۔ سال 2018 اور 2019 میں بوئنگ 737 میکس کے 2 مسافر طیارے حادثے کا شکار ہوگئے تھے جن میں بہت مماثلت پائی جاتی تھی اور دونوں حادثے بائیس کنٹرول سسٹم ہونے کی وجہ سے پیش آئے۔ ایک بوئنگ 737 میکس مسافر جہاز نے سال 2018 میں انڈونیشیا سے پرواز بھری اور چند منٹ بعد ہی سمندر میں گر کر تباہ ہوا، حادثے میں تمام 189 مسافر ہلاک ہوئے تھے۔

جموں وکشمیر میں انتخابات کی تیاریوں کا آغاز

عنقریب مکمل ریاست کا درجہ دیا جائیگا۔ سری نگر میں وزیر اعظم مودی کا خطاب

سری نگر، 20/جون۔ (ایجنسیز) وزیر اعظم مودی نے جمعرات کو جموں وکشمیر میں زراعت اور اس سے منسلک شعبوں میں 1,800 کروڑ روپے کے پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔ اس موقع پر مودی نے کہا کہ جموں وکشمیر میں جلد اسمبلی انتخابات ہوں گے اور اسے مکمل ریاست کا درجہ ملے گا۔ لوک سبھا انتخابات میں حاصل مینڈیٹ کا پیغام احتساب کا ہے۔ ملک نے 20 سال قبل غیر مستحکم حکومت کا طویل دور دیکھا ہے۔ اس عدم استحکام اور غیر یقینی کی وجہ سے ہندوستان کو اس وقت نقصان اٹھانا پڑا، جب وہ ٹیک آف کرنے والا تھا۔ اس دور کو پیچھے چھوڑ کر ہندوستان مستحکم حکومت کے ایک نئے دور میں داخل ہوا ہے۔ اس سے ہماری جمہوریت مضبوط ہوئی ہے۔ اس کیساتھ ہی وزیر اعظم مودی نے جموں وکشمیر میں تشدد پھیلانے والے دہشت گردوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ وہ جموں وکشمیر کے ڈشمنوں کو سبق سکھانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ملک نے پسماندگی کے ریکارڈ توڑ دیا ہے۔ یہ ہندوستان کی جمہوریت اور آئین کے بنائے ہوئے راستے پر چل کر ایک نیا باب لکھنے کا آغاز ہے۔ مجھے زیادہ خوشی ہوتی، اگر ہماری اپوزیشن بھی میرے کشمیر کے لوگوں کی تعریف کرتی۔ اپوزیشن نے اتنے اچھے کام میں ملک کو مایوس کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر میں آنے والی تبدیلی گزشتہ 10 سال کی حکومت کا نتیجہ ہے۔ جموں وکشمیر میں آئین کا نفاذ نہیں کیا گیا، جنہوں نے نافذ نہیں کیا، وہ گنہگار ہیں۔ آج کشمیر میں آرٹیکل 370 کی دیوار گرچکی ہے اور حقیقت میں ریاست میں زیادہ سیاح آئے ہیں۔ اس سے متاثر لوگوں کے روزگار میں اضافہ ہوا ہے۔ آمدنی میں اضافہ ہوا ہے۔ کاروبار پھیلا ہے۔ وہ دن رات یہ کام کرتے رہتے ہیں۔ وہ جو بھی کررہے ہیں، نیک نیتی سے کررہے ہیں۔ وہ یہ کام بہت ایمانداری سے کررہے ہیں۔

آلو کے چپس کے پیکٹ میں مردہ اور سڑا ہوا مینڈک برآمد

گاندھی نگر، 20/جون۔ (ایجنسیز) اگر آپ بھی پیکڈ فوڈ آئٹمز کو آنکھیں بند کرکے نگل لیں تو ذرا انتظار کریں۔ ان دنوں ایک ایسا ہی معاملہ انٹرنیٹ پر موضوع بحث بنا ہوا ہے جس کے بارے میں جان کر آپ بھی دنگ رہ جائیں گے۔ درحقیقت حال ہی میں آئس کریم میں انسانی انگلی اور سینٹی پیڈ ملنے کے بعد اب آلو کے چپس کے پیکٹ سے ایک سڑا ہوا مینڈک ملا ہے۔ فی الحال اس معاملے کی تحقیقات کی جارہی ہیں۔ آپ کو معلوم ہوگا کہ حال ہی میں ممبئی میں ایک آئس کریم کے پیکٹ سے کٹی ہوئی انسانی انگلی ملی تھی۔ جام نگر میونسپل کارپوریشن نے اس معاملے کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ یہ شکایت ممبئی کے ایک رہائشی کی جانب سے آن لائن آرڈر کی گئی آئس کریم میں انسانی انگلی کا ایک ٹکڑا ملنے کے دعوے کے چند دن بعد سامنے آئی ہے۔ جام نگر میونسپل کارپوریشن کے ایک عہدیدار کے مطابق آلو چپس کے پیکٹ کے پروڈکشن بیچ کے نمونے تحقیقات کے حصے کے طور پر جمع کیے جائیں گے۔ فوڈ سیکورٹی آفیسر نے بتایا کہ انہیں جسمین فیملی نامی ٹرکی نے اطلاع دی کہ بالاجی ویفرس کے تیار کردہ کرنچیکس کے پیکٹ میں ایک مردہ مینڈک ملا ہے۔

دوران حج 922 افراد شدید گرمی کے باعث جاں بحق

ریاض، 20/جون۔ (ایجنسیز) اس سال مناسک حج کے دوران 900 سے زائد افراد گرمی کی وجہ سے جاں بحق ہوگئے۔ ڈان اخبار کی رپورٹ کے مطابق قبر رساں ایجنسیوں نے سفارت کاروں اور حکام کے حوالے سے بتایا کہ جاں بحق ہونے والوں میں کم از کم 600 مصری، 144 انڈونیشیائی، 68 ہندوستانی، 60 اردنی، 35 پاکستانی، 35 تیونسی، 11 ایرانی اور تین سینیگالی شامل ہیں۔ مکہ مکرمہ کی گرینڈ مسجد میں درجہ حرارت 51.8 ڈگری سیلسیس تک پہنچ گیا تھا۔ سعودی عرب نے سرکاری طور پر جاں بحق ہونے والوں کے بارے میں معلومات فراہم نہیں کی ہیں، حالانکہ انہوں نے صرف اقوام کو ہی گرمی سے متاثر ہونے کے 2 ہزار 28 سے زیادہ واقعات رپورٹ کیے ہیں۔ پاکستان کے حج مشن کے ڈائریکٹر جنرل عبدالوہاب سومرو نے چہارشنبہ کو بتایا کہ 18 جون کی شام 4 بجے تک کل 35 پاکستانیوں کے جان بحق ہونے کی اطلاع ملی ہے، مکہ میں 20، مدینہ میں 6 منیٰ میں 4، عرفات میں 3 اور مزدلفہ میں 2 پاکستانی جاں بحق ہوئے ہیں۔ اس سال شدید گرمی اور سخت موسمی حالات کی وجہ سے حج بیلنسنگ گریڈ تک پہنچ گیا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی حکومت نے حرمین شریفین میں تدفین کا نظام قائم کیا ہے اور اگر ورثا کا مطالبہ ہے تو کسی بھی پاکستانی حاجی کی میت وطن واپس بھیجنے کا بھی انتظام کیا گیا ہے۔

8 لوک سبھا سیٹوں پر ای وی ایم کی جانچ ہوگی

نئی دہلی، 20/جون۔ (ایجنسیز) الیکشن کمیشن نے 6 ریاستوں میں 8 لوک سبھا سیٹوں کے انتخابات میں ای وی ایم میں خرابی کی شکایت کی جانچ کا حکم دیا ہے۔ ان میں ہریانہ کی 2 پھنچیس گڑھ، مہاراشٹر، تمل ناڈو اور تلنگانہ میں ایک ایک سیٹ شامل ہیں۔ ان 8 سیٹوں میں سے بی جے پی نے 3 اور کانگریس نے 2 سیٹیں جیتیں، دو میں دیگر پارٹیوں نے 3 سیٹوں کو مایابی حاصل کی تھی۔ لوک سبھا انتخابات 2024 میں ای وی ایم میں خرابی کی شکایت کیلئے 8 درخواستیں موصول ہوئی تھیں۔ ان میں ای وی ایم کی میموری اور مائیکرو کنٹرولر کو چیک کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ کمیشن اب 92 پولنگ اسٹیشنوں کی ای وی ایم کی جانچ کریگا۔

کوئٹہ کے پکنک پوائنٹ سے 10 افراد کو اغوا کرلیا گیا

کوئٹہ، 20/جون۔ (ایجنسیز) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پکنک پوائنٹ سے 10 افراد کو اغوا کرلیا گیا، مغویوں میں ایک سسٹم عہدیدار سمیت پنجاب کیر ہائی افراد شامل ہیں۔ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے زرغون غر میں شعبان کے پکنک پوائنٹ سے 10 افراد کو اغوا کرلیا گیا۔ مسلح افراد پکنک منانے والے 16 افراد کو ساتھ لے گئے تھے تاہم شناختی کارڈ چیک کرنے کے بعد 6 افراد کو چھوڑ دیا۔

علی گڑھ ہجومی تشدد واقعہ کے بعد حالات ہنوز کشیدہ

سخت سکیورٹی انتظامات۔ امن امان کی برقراری کیلئے مفتی اعظم کی اپیل

علی گڑھ، 20/جون۔ (ایجنسیز) ریاست اتر پردیش کے ضلع علی گڑھ میں مبینہ طور پر مبینہ مسلم نوجوان کو ہجومی تشدد میں ہلاک کئے جانے سے علاقے میں فرقہ وارانہ کشیدگی ہنوز جاری ہے۔ فرید الدین کا قتل ماموں بھانجہ علاقہ میں پیش آیا تھا تاہم پولیس نے اس تعلق میں ملوث 6 افراد کو گرفتار کرلیا ہے۔ اس ہلاکت کے ایک دن بعد بھی پولیس اور ضلع انتظامیہ جمعرات کو امن وامان کو برقرار رکھنے کو یقینی بنانے کے لیے چوکس اختیاری جبکہ علی گڑھ کے اعلیٰ مفتی خالد حمید نے عوام سے امن وامان کو برقرار رکھنے کی اپیل کی۔ ضلع کے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ (اے ڈی ایم) امیت کمار نے جمعرات کو کہا کہ علاقے میں صورتحال پرامن اور قابو میں ہے۔ انہوں نے کہا ہم صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں اور متاثرہ علاقے میں کافی تعداد میں پولیس بلاکار تعینات کیے گئے ہیں۔ مفتی خالد حمید نے شہر میں امن اور ہندو مسلم اتحاد پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پولیس کو اس معاملے کی تحقیقات کرنی چاہیے اور قصورواروں کو قتم کے سیاسی دباؤ کا شکار ہوئے بغیر گرفتار کرنا چاہیے۔ شہر کے سپرنٹنڈنٹ پولیس ایم شیکھر پاٹھک نے بتایا کہ فرید کے اہل خانہ کی طرف سے درج کرائی گئی شکایت کے مطابق وہ منگل کی رات کام سے گھر واپس آ رہا تھا جب اسے ماموں بھانجا علاقے کے کچھ رہائشیوں نے سارق ہونے کے شبہ میں ہجومی تشدد کا شکار بناتے ہوئے اسے شدید زدوکوب کیا۔ پاٹھک نے مزید کہا کہ جب تک پولیس موقع پر پہنچتی فرید شدید زخمی تھا اور اسے ملکھان سنگھ اسپتال لے جایا گیا جہاں وہ زخموں سے جانبر نہ ہوسکا۔ انہوں نے کہا کہ واقعے کی خبر پھیلنے ہی بہت سے لوگ اسپتال میں جمع ہوگئے اور ملزمین کی گرفتاری کا مطالبہ کیا۔ پاٹھک نے کہا کہ گرفتاریاں سی ٹی وی فوٹیج کی بنیاد پر کی گئی ہیں اور پھر دیگر ملزمان کے خلاف بھی مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ مزید تفتیش جاری ہے۔ ایس ایس پی نتیجہ سمن نے میڈیا کو بتایا کہ تمام اختیاری تدابیر کو نافذ کردیا گیا ہے۔ پولیس اور آر اے ایف (ریپڈ ایکشن فورس) کے سپاہیوں کو سبزی منڈی اور عبدالکریم چوک سمیت حساس علاقوں میں تعینات کیا گیا ہے۔

خواتین کے لیے خاص تحفہ
انیس خواتین
خواتین کی ہمدم
خواتین کے لیے اہم
خ